Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۲۶	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۷ ذی الحجہ ۱۳۴۴ھ مطابق ۲۸ جون ۱۹۲۶ء	جلد ۳۵

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۳۰ مئی ۱۹۲۶ء

عرضداشت ملاحظہ ہوئی۔ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کی رائے مناسب ہے تاریخ حکم ہذا سے حد النہائے ریاست مین معاملات بیع الوفا اس قول فقہی کے مطابق فیصلہ صادر ہوگا جسمین بیع الوفا کو اور اسکے منافع کو جائز قرار دیا گیا ہے کاغذات بغرض اجرائے احکام ضابطہ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہون۔ ایک نقل اس حکم کی مطبع کو درج گزٹ ہونے کے لیے بھیجدیجائے۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

عرض — بسر ملاحظہ

جناب عالی

ریاست ہذا میں مقدمات دیوانی کا تصفیہ مسائل فقہ کے موافق ہوتا ہے۔ فقہ میں بیع الوفا کا مسئلہ مختلف فیہ ہے۔ بعض فقہا بیع الوفا کو مثل رہن اور اسکے منافع کو ناجائز کہتے ہیں۔ اور بعض فقہا بیع الوفا کو بعض احکام (مثلاً حصول منافع) میں بیع جائز اور بعض احکام میں مثل رہن اور بعض احکام میں مثل بیع فاسد کہتے ہیں۔ یہ دونوں قول فقہا کے مفتے بہ ہیں اور اگرچہ مفتی صاحب عدالت دیوانی کے فیصلے مقدمات بیع الوفا میں متناقض ہوئے ہیں۔ یعنی بعض مقدمات میں منافع بیع الوفا کو حق مشتری اور جائز تجویز کیا ہے۔ لیکن اکثر مقدمات میں عدالت مفتی صاحب دیوانی اور دیگر عدالتہائے ریاست میں ایک عرصہ سے قول اول پر عمل ہے یعنی بیع الوفا کو رہن قرار دیکر منافع بیع الوفا کو ناجائز تجویز کیا گیا ہے۔ اس عمل کا اثر یہ ہوا ہے کہ بیع الوفا کا تعامل بالکل جاتا رہا اور غربا کو بوقت ضرورت روپیہ قرض حاصل کرنے میں دشواریاں پیدا ہوگئیں اس لیے ضروری ہے کہ اس عام مضرت میں حقوق کو محفوظ رکھنے کے لئے کوئی سبب تجویز کیجائے۔ چونکہ بیع الوفا کے جواز و عدم جواز کے دونوں قول متذکرہ صدر پر ترجیح فقہی ہے لہذا باعتبار اصول مقررہ فقہ قاضی کو اختیار ہوتا ہے کہ جس قول پر چاہے عمل کرے۔ نیز سلطان وقت کا دونوں قولوں میں سے جس پر حکم عمل کرنیکا نافذ ہو جائیگا حکام عدالت اسپر عمل کرنے کے لئے پابند ہونگے بدلنست ترقیخواہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ بیع الوفا اور اس سے منافع حاصل کرنے کے جواز کے قول پر عمل کرنیکا حکم نافذ فرمایا جائے۔ غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جواز کا قول بنسبت قول عدم جواز کے قوی بھی معلوم ہوتا ہے۔ اور ضروریات زمانہ کے لحاظ سے مناسب بھی ہے۔ لہذا عرضداشت ہذا باُمید صدور حکم منظوری اجلاس ہمایوں ہے۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
مورخہ ۱۸ مئی ۱۹۲۶ء

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۱ جون ۱۹۲۶ء

سید احمد حسین مدرس اول نمبر ۲ جناب عالیہ کی رخصت رعایتی ۲ جون ۱۹۲۶ء سے ۱۹ جون ۱۹۲۶ء تک منظور کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۶ جون ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس بنے میاں مدرس اکبر آباد تحصیل ٹانڈہ کی رخصت تین ہفتہ ۵ جون ۱۹۲۶ء سے بوضع تنخواہ منظور کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۲۲ جون ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مدرسہ موضع بازید پور پرگنہ حضور تحصیل میں مسمی قدرت اللہ خان ولد اسد اللہ خان ششم پاس کا گیارہ روپیہ تنخواہ پر امتحاناً برائے چھ ماہ تقرر کیا گیا۔ لہذا۔

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ بارش ریاست رامپور ابتدا ۱۵ لغایت ۲۱ جون سنہ ۱۹۲۶ء

تاریخ و دن	صدر رعایہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۱۵ جون سنہ ۱۹۲۶ء یوم سہ شنبہ	۰	۰	۰	۰		۰	-	۰	۰۰-	۰	۰	۰
۱۶ جون سنہ ۱۹۲۶ء یوم چہارشنبہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
۱۷ جون سنہ ۱۹۲۶ء یوم پنجشنبہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	-	۰	۰	۰
۱۸ جون سنہ ۱۹۲۶ء یوم جمعہ	-	-	-	۰	۱/۲	-	۰	۰	-	۰	۰	۰
۱۹ جون سنہ ۱۹۲۶ء یوم شنبہ	۰	۰	۱۲	-	۷ ۱/۲	۷ ۳/۴	۰	۰	۷	۰	۷	
۲۰ جون سنہ ۱۹۲۶ء یوم یکشنبہ	-	۸	۰	۱۲	۰	۹ ۳/۴	۰	-	۰	۷	۰	۷
۲۱ جون سنہ ۱۹۲۶ء یوم دوشنبہ	۱ ۱/۲	۹ ۱/۲	۱۲	۲۵	۹	۱۷ ۳/۴	۰	۰	۰	۷	۰	۷

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور ابتدا ۲۲ لغایت ۲۸ جون سنہ ۱۹۲۶ء

نام جنس	صدر تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم			۰۶ ار		۷ ار		دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص			۰۷ ار		۰۸ ار		
نخود کرت آمیز			۰۸ ار		۰		
کنت			۰۸ ار		۰		
ماش			۰				
[illegible]			۰		۰		
مکا			۰		۰		
جنی			۰۹ ار		۰۱۴ ار		
گھوئیں			۰۰۷		۰۱۰ ار		
عدس			-		۰		
ارہر			۰۷ ار		-		
برنج			۰۳ ار		-		
روغن زرد			۰ ار		۶۰ ر		
روغن سیاہ			۰۰۱		۷ ر ار		
روغن کنجد			-		۰۱۱		
نمک سانبھر			۱۲ ار		۰۱۲		
نمک لاہوری			۰۰۶		-		
[illegible] سیاہ			۱۳ ار		۰۱۳ ار		
باجرہ			۰	۰			